تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May,24 2024

پریس ریلیز

مچیگن اسٹیٹ یونیورسٹی، امریکہ کے پروفیسر جیفری ایم۔ وولڈرج کا جامعہ ملیہ اسلامیہ میں آن لائن خطاب

ممتاز اور معاشی شماریات کے پروفیسر جیفری ایم۔ وولڈرج مچیگن اسٹیٹ یونیورسٹی، امریکہ کا جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سمر اسکول میں خطبات دیے۔

مچیگن اسٹیٹ یونیورسٹی، امریکہ کے ممتاز پروفیسر پروفیسر جیفری سردست معاشایت میں والٹر اڈمس ممتاز فیکلٹی فیلو ہیں۔ پروفیسر موصوف نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ معاشیات کی جانب سے بیس اور تئیس مئی دو ہزار چوبیس کو منعقدہ نیشنل سمر اسکول میں 'ایڈوانسڈ پینل ڈیٹا انالیسس یوزنگ اسٹیٹ' کے موضوع پر دو خطبات دیے۔

ان کے خطبات بنیادی طور پر پالیسی کی تبدیلیوں کے اثرات کے مسائل پر مرکوز تھے۔ اس کے ساتھ ہی وہ معاملات جہاں افراد یا انالیسس کی اکائیاں مختلف اوقات میں مداخلت کے لیے ہوتی ہے ان میں قدرتی آفات جیسے دیگر بیرونی تبدیلیوں پر بھی انھوں نے بات کی۔ لیکن اثرات کے تجزیے کے میدان میں درپیش متعدد مسائل کا تخمینہ لگانے کو کافی مشکل مانا جاتا ہے۔ پروفیسر موصوف نے واضح طور پر بتایا کہ یہ بنیادی طور پر ڈاٹا اور ماڈل کو بتانے والا ہے۔ ان کے خطبے کی روشنی میں اس مشکل سوال کا تخمینہ سادہ گزشتہ حالت کی طرف چلا جاتا ہے جس میں یہ ہے کہ ہم ڈاٹا اور ماڈل کو درست ڈھنگ سے بیان کرنے قابل ہیں۔

زوم پلیٹ فارم کے توسط سے ان کے خطبات منتعقد کرائے گئے تھے جس میں ہندوستان اور بیرون ملک کے اسکالروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ لیکچر کے بعد سوال وجواب بھی ہوئے جس میں شرکا کو مقرر سے بات چیت کے ساتھ ساتھ اپنے سوالات کے جوابات حاصل کرنے موقع ملا۔ شرکا کے لیے ان کا لیکچر مفید اور دلچسپ تھا۔

اخیر میں خطبات کے اہم نکات کو ڈاکٹر ذکریا صدیقی سمر اسکول کے منتظم سیکریٹری اور شعبہ کے ایسوسی ایٹ پروفیسر نے اختصار کے ساتھ بیان کیا۔ انھوں نے اس حقیقت پر روشنی ڈالی کہ پروفیسر وولڈرج نے مشکل اور پیچیدہ تصورات کو آسان اور عام فہم زبان میں بیان کیا ہے جسے ہر کوئی سمجھ سکتا ہے۔ ڈاکٹر وسیم اکرم اور ڈاکٹر کاشف خان (سمر اسکول کے منتظم سیکریٹریز) نے

پروگرام کے بطور کوآرڈینٹر کام کیا۔ سمر اسکول کے ڈائریکٹر اور صدر شعبہ معاشیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اشریف علیان اور نے مہمان مقرر پروفیسر وولڈرج کے تئیں جذبہ امتنان کا اظہار کیا کہ پروفیسر موصوف نے اپنے مصروف شیڈول سے وقت نکالا اور سمر اسکول کے شرکا سے بات چیت کی۔ انھوں نے وولڈرج کو بتایا کہ آن لائن اور آف لائن بات چیت کے لیے ان کا شعبہ مستقبل میں بھی ان کے ساتھ رابطے میں رہے گا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی